© rasailojaraid.com



شدت سے آپ ﷺ کی ذات اقدس کا دفاع کریں اور مغرب کی طرف سے جو اعتراضات اور طوفان بدتمیزی بپا ہے اس کا منہ بند کریں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جزائے خیر سے نوازے ہمارے مسلک کے عظیم و نامور خطیب و مقرر اور مصنف محترم رانا محمد شفیق خاں پسروری صاحب کو کہ انہوں نے حالات کی نزاکت اور یورپ کے رویے کو دیکھتے ہوئے پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کے دفاع میں اپنے قلم سے ایسے مضامین رقم کیے کہ جن سے یورپ کے منفی پروپیگنڈے کا ڈھول بیچ چوراہے میں پھوڑ دیا۔ اس کتاب میں رانا صاحب نے اکیس عنوانات پر خامہ فرسائی کی ہے اور ان میں نبی ﷺ کی عظمت و رفعت' بیان کرتے ہوئے اغیار کی تحریریں اور غیر مسلم شعراء کے نعتیہ کلام کے نمونے بھی دیے ہیں۔ دیگر یہ کہ گستاخ رسول ﷺ کی سزا اور آزادی رائے' اسلام دشمنی کا اصل سبب' قانون توہین رسالت اور غیر مسلم زعماء' امریکہ میں اسلام وغیرہ عنوانات پر بڑے شاندار انداز میں بحث کی ہے۔ بہر حال یہ کتاب ایک عاشق رسول ﷺ کی طرف سے لکھی گئی گراں قدر تحریر ہے۔ اس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لیے از حد ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ رانا صاحب کی اس کاوش کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین۔

## تعارف القرآن

مصنف: ملک عبدالرشید عراقی حفظہ اللہ

صفحات: 400 قیمت: 500 روپے

ناشر: مکتبہ جمال تیسری منزل، حسن مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-3723731

قرآن مجید اللہ تبارک وتعالیٰ کی نازل کردہ کتاب ہے جو حضرت محمد ﷺ پر وحی کے ذریعے اتاری گئی۔ قرآن مجید کا پڑھنا پڑھانا جہاں خیر و برکت کا باعث اور اجر و ثواب کا موجب ہے وہیں اس کتاب ھدیٰ کا سمجھنا بھی از حد ضروری ہے۔ اسے ایک المیہ کہہ لیجئے یا اپنی کوتاہی کہ ہم قرآن مجید کو ثواب کی غرض سے پڑھتے تو ہیں لیکن اس کا ترجمہ پڑھنے اور احکام الٰہی کی طرف توجہ نہیں کرتے کہ قرآن مجید کیا پیغام دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ بھلا کرے ہمارے بزرگ دوست جماعت اہلحدیث کے معروف مصنف محترم ملک عبدالرشید عراقی صاحب کا کہ انہوں نے اس فکر کو ملحوظ رکھ کر پیش نگاہ کتاب مرتب کی۔ اس کتاب میں انہوں نے قرآن مجید کی 114 سورتوں کا شان نزول' وجہ تسمیہ اور ان میں بیان کیے جانے والے اہم واقعات کی نشان دہی کرتے ہوئے خوبصورت پیرائے میں قرآنی معلومات کو درج کیا ہے۔ انہوں نے تعارف القرآن میں مستند تفاسیر اور کتب احادیث سے حوالے دیے ہیں۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے والوں کے لیے یہ کتاب بیش بہا معلومات کا خزینہ ہے۔ کتاب کا مقدمہ بھی خوب ہے اس میں قرآن مجید کے بارے بڑی اہم معلومات دی گئی ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ' کاغذ اور جلد بندی معیاری ہے البتہ قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ بہر حال کتاب مجموعی طور پر بہت اچھی ہے جس پر لائق مصنف بجا طور پر تحسین مبارک کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو عوام کے لیے ہدایت اور مصف موصوف کے لیے ذریعہ نجات بنائے، آمین۔

© rasailojaraid.com